

خلاصہ تاریخ خاندان عباسیہ شمالی پاکستان

از اسامہ علی عباسی
نقیب الاشراف العباسیین شمالی پاکستان
فاضل نقابت الاشراف العباسیین عراق

بسم اللہ الرحمان الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

خطہ کوہسار و پوٹھوہار، خطہ ہزارہ و کشمیر میں آباد خاندان عباسیہ شمالی پاکستان کی تاریخ و شجرہ جات پر زیر اہتمام قابت الاشراف العباسیہ پاکستان بقلم نقیب الاشراف العباسیین شمالی پاکستان اسامہ علی عباسی، بالتاریخ یکم اپریل 2023ء کو خاندان عباسیہ شمالی پاکستان مری، ہزارہ و کشمیر کی تاریخ و انساب پر اعلامیہ جاری کیا گیا۔ اس کتابچے میں خاندان عباسیہ شمالی پاکستان کی 1000 ہزار سالہ تاریخ و بزرگوں کا سلسلہ نسب پر مستند روایات و تاریخ کے مجموعہ جات کو یکسان کیا گیا ہے اور اسے خاندان عباسیہ شمالی پاکستان کی تاریخ و انساب پر اعلامیہ تصور کیا جائے۔ خاندان عباسیہ شمالی پاکستان پر اور اس کتابچہ میں بغیر اجازت تحریف و تالیف کرنا شرعا، اخلاقا اور قانونا جرم ہے۔ نقابت الاشراف العباسیہ پاکستان تصدیقی یا تردیدی بیان جاری کرنے کا مجاز ہے۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

والسلام علی جمیعت المسلمین و جمیعت العباسیین

اسامہ علی عباسی

نقیب الاشراف العباسیین الھاشمیین شمالی پاکستان

فاضل و ممبر نقابت الاشراف العباسیین الھاشمیین عراق

فاضل و ممبر نقابت الاشراف عراق


فاضل و ممبر نقابت الاشراف الحسنیہ الکیلانیہ عراق

تصدیق و جاری بسلسلہ مہر ادارہ جات اور مہر نقابت

اسامہ علی عباسی

نقیب الاشراف العباسین الہاشمین پاکستان

اپریل 2023ء













تاریخ خاندان عباسیہ شمالی پاکستان - مری، ہزارہ و کشمیر

جدامجد خاندان عباسیہ الہاشمیہ شمالی پاکستان - سپہ سالار غیاث الدین* *ضراب شاہ ایک تاریخی اور روحانی شخصیت

از

اسامہ علی عباسي

نقیب الاشراف العباسیین شمالی پاکستان

فاضل نقابت الاشراف العباسیین الہاشمیین عراق

محمود غزنوی کے ہمراہ بنو عباس کی ہندوستان و کشمیر آمد بمطابق 1016* *عیسوی

،سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ العباسي الہاشمي المعروف سردار ضراب خان عباسی عباسی خلیفہ القادر باللہ کے دور خلافت میں محمود غزنوی کے ہمراہ سن 1016 عیسوی کو علاقہ ہرات، خراسان سے دہلی، ہندوستان بسلسلہ فوجی مہم وارد ہوئے۔ تاریخ کی کتب

میں یہ بات درج ملتی ہے کہ سلطان محمود غزنوی نے ریاست کشمیر پر 1016ء عیسوی اور 1020ء عیسوی کو دو بار حملہ کیا۔ غیاث الدین ضراب شاہ، سلطان محمود غزنوی کے کشمیر پر دوسرے حملے بمطابق 1020ء عیسوی کو عرب قبائل کے سپہ سالار کی حیثیت سے شامل تھے۔ یہ بات تاریخ کی کتب میں درج ملتی ہے کہ 1020ء عیسوی میں سلطان محمود غزنوی کے لشکر میں عرب قبائل کا ایک لشکر اس فوجی مہم میں شامل تھا جس نے قدیم ریاست کشمیر پر حملہ کیا تھا جسکی قیادت عربی النسل بنو عباس کے غیاث الدین ضراب شاہ کررہے تھے۔ سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ کی پیدائش بمطابق 998ء عیسوی کو سلطنت غزنویہ کے صوبہ ہرات، خراسان) موجودہ افغانستان و ایران کا سرحدی علاقہ (میں ہوئی۔ آپکا اصل نام غیاث الدین جسکے معانی ہیں "دین اسلام کا مددگار" اور آپکی جرأت و بہادری کیوجہ سے آپکو *ضراب * کے خطاب سے نوازا گیا جسکے معانی "شدید حملہ کرنے والے" کے ہیں۔ سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ کے والد کا نام طائف شاہ تھا جو کہ محمود غزنوی کے والد سبکتگین کے ہمراہ بغداد، عراق سے ہرات، خراسان چلے آئے اور اسکے فوجی لشکر میں بطور کمانڈر تعینات ہوئے اور ، خراسان میں ہی آباد ہوئے۔ طائف شاہ کے کل 4 بیٹے تھے جن میں عبدالعزیز، احمد ، عباس اور غیاث الدین شامل ہیں جنکی اولاد وسطی ایشیائی ممالک ثمرقند و بخارا خراسان، افغانستان اور شمالی پاکستان میں آباد ہے۔

سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ اپنے بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے اور آپ بچپن سے ہی ایک زہین و اعلی اخلاق کے حامل شخص تھے، آپکی پیدائش ایک متوسط اور دینی گھرانے میں ہوئی۔ 16 سال کی عمر میں ہی آپکی قابلیت و صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے آپکو صوبیدار صوبہ ہرات، خراسان)گورنر جنرل آف فورسز (کے بلند مقام پر فائز کیا گیا۔ آپ سن 1016ء عیسوی کو محمود غزنوی کے ہمراہ پہلی بار برصغیر پاک و ہند تشریف لائے اور دہلی اور اجمیر کے مضافاتی علاقوں میں فوجی مہمات میں بطور سپہ سالار شامل رہے اور داد شجاعت وصول کی۔ سن 1020ء عیسوی میں آپکو قدیم ریاست کشمیر کیطرف بادشاہ کی سرکوبی کے لیے بمع لشکر روانہ کیا گیا اور بادشاہ جنگ بندی کے معاہدہ پر راضی ہوا اور آپکے اخلاق و کردار سے متاثر ہوکر اپنی ایک دختر کو بھی آپ سے رشتہ ازدواج میں منسلک کیا اور قدیم ریاست کشمیر میں ایک وسیع و عریض رقبے پر آپکو جاگیر اور مراعات بھی عنایت کی۔ سن 1021ء عیسوی میں آپکو محمود غزنوی کی جانب سے قدیم ریاست کشمیر اور اس سے ملحقہ غزنوی فتح یاب علاقوں کی سرحد کا نگران و صوبیدار اعلی مقرر کیا گیا جن میں موجودہ کہوٹہ، ضلع راولپنڈی سے لیکر بشمول پونچھ کشمیر، مانسہرہ ضلع ہزارہ تک کا ایک وسیع و عریض خطہ و رقبہ جات شامل ہے۔ آپ چند عرصہ سرینگر، کشمیر میں قیام کرنے کے بعد کہوٹہ، ضلع راولپنڈی کے گاؤں ضراب کوٹ موجودہ دراب کوٹ میں آکر آباد ہوئے اور یہیں مستقل سکونت اختیار کی اور آپکا مزار مبارک بھی کہوٹہ کے اسی گاؤں میں مرجع خلائق ہے۔ یوں تو تاریخ کی 16 مستند ترین اور قدیمی کتب میں سپہ سالار

غیاث الدین ضراب شاہ کی آمد محمود غزنوی رح کے ساتھ ثابت ہے مگر سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ غیرت و حمیت، اخلاق و جرأت، بہادری و جوان مردی کا وہ سرچشمہ حیات تھے جنکے کردار، اخلاق اور بہادری کو دیکھتے ہوئے میدان حرب میں مدمقابل غیر مسلم دشمن نے بھی انکے آگے اپنا سر تسلیم خم کیا بلکہ اپنی حقیقی دختر نیک کی شادی بھی اس عربی النسل نوجوان سے کی اور اپنی ریاست کے ایک وسیع و عریض رقبے پر آپکو جاگیر بطور تحفہ عنایت بھی کی۔

تاریخی کتب کے حوالے سے مراۃ السلاطین فی سیر المتاخرین سن اشاعت 1836ء جلد اول اور آئینہ قریش 1916ء از سردار محمد اکرم خان عباسی کے تاریخی روایات میں درج ملتا ہے کہ محمود غزنوی کے زمانے صوبہ ہرات خراسان میں ضراب خان، صوبیدار صوبہ)گورنر جنرل آف فورسز (کے بلند مقام پر فائز ہوئے۔ ایک فوجی مہم میں انکی آمد کشمیر میں ہوئی اور شاہ کشمیر کی دختر سے رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے کیبعد آپ یہیں آباد ہوئے۔

تاریخ طاہری جو کہ سن 1600ء عیسوی کو تحریر کی گئی اس میں درج ہے کہ عرب قبائل کی قیادت بنو عباس سے ایک نوجوان لڑکا ضراب خان کررہا تھا جسکی والدہ ترک تھی، یہ

عرب لشکر محمود غزنوی کی فوج میں شامل تھا اور یہ کشمیر پہ دوسرے حملہ بمطابق 1020ء عیسوی کی بات ہے۔ اسکے علاوہ تاریخ عباسیہ میں مصنف ریاض الرحمان ساغر نے نے تاریخ کی کتاب ھبیرۃ العرب کے حوالے سے اس واقعے کی تفصیل یوں درج کی ھے کہ سلطان محمود غزنوی کے کشمیر پر دوسرے حملے کے وقت عرب قریش قبیلے سے ایک نوجوان لڑکا تھا جو عرب قبائل کی سپہ سالاری کررہا تھا اور یہ کشمیر کی باجگزار ریاست پر حملہ آور ہوا تھا۔ تاریخ موسم بہار جلد سوم میں یہ لکھا ہے وہ عربی النسل نوجوان پنجاڑ) موجودہ کہوٹہ، ضلع راولپنڈی کا مضافاتی علاقہ (پر قابض ہوگیا تھا اور راجہ قلعہ چھوڑ کر کشتواڑ) موجودہ مقبوضہ کشمیر کا ایک مشرقی ضلع (بھاگ گیا تھا۔

کشمیر کی تاریخ پر سب سے قدیم کتاب راج ترنگنی ہے جسکو پنڈت کلہن نے 1160 عیسوی کو سنسکرت زبان میں لکھا، راج ترنگنی کی ساتویّں ترنگ کے صفحہ نمبر 580 میں محمود غزنوی کے لشکر کا ریاست کشمیر پر حملہ کا تزکرہ درج ملتا ہے وہیں اسکے نوجوان سپہ سالار کی بہادری و شجاعت کا زکر بھی موجود ہے۔ راج ترنگنی کی ساتویں ترنگ میں صفحہ نمبر 580 میں مصنف نے لکھا ہے کہ سن 1010ء و 1020ء کے درمیان کشمیر کے راجہ سنگرام کے دور حکومت میں جب محمود غزنوی کی فوج نے کشمیر پر حملہ کیا اور صبح کے وقت گھمسان کا رن جما تو محمود غزنوی کی فوج کا سپہ سالار جو نوجوان لڑکا تھا اور فن

حرب سے بخوبی واقف تھا جوش میں بھرا ہوا میدان جنگ میں نکلا جس پر شاہی فوج فورا تتر بتر ہوگئی ہر چند کہ باقی ماندہ فوج نے اسکا مقابلہ کیا مگر انکو شدید حزیمت کا سامنا کرنا پڑا اور میدان جنگ چھوڑ کر بھاگنا پڑا۔ *تاریخ کشمیر *از محمد امین پنڈت نے اپنی کتاب کے نویں باب میں لکھا ہے کہ کشمیر کے راجہ سنگرام راج کے دور حکومت بمطابق 1001ء تا 1021ء کے درمیان محمود غزنوی کشمیر پر حملہ آور ہوا تھا اور کشمیر میں کوہ سلیمان کے مقام پر جہاں ایک مندر تھا وہاں نماز ظہر ادا کی اور بڑی تعداد میں لوگوں کو مسلمان بنایا۔ اس نے ایک ماہ اور نو دن کشمیر میں قیام کیا اور واپس غزنی روانہ ہوا۔
ڈاکٹر صوفی غلام محی الدین کی کتاب *کشمیر *میں یہ رائے ظاہر کی گئی ہے کہ راجہ سنگرام کے دور میں محمود غزنوی نے کشمیر پر حملہ کیا جس پر راجہ کہ فوج کو شکست کا سامنا کرنا پڑا مگر شدید موسم اور دشوار گزار رستوں کیوجہ سے محمود غزنوی مکمل ریاست کو زیر نا کرسکا اور واپس روانہ ہوا۔

برصغیر پاک و ہند میں آباد قبائل بنو عباس کی تاریخ پر سب سے مستند ترین کتب میں مفتی نجم الدین ثمرقندی اور مفتی رکن الدین ثمرقندی کی تصنیف کردہ کتب کو ممتاز حیثیت سے دیکھا جاتا ہے جو کہ اٹھارویں صدی عیسوی میں تحریر کی گئی، برصغیر پاک و ہند میں آباد خاندان عباسیہ کی تاریخ پر مفتی نجم الدین ثمرقندی رحمت اللہ تعالی علیہ اپنی تصنیف

عباسیان ہند سن اشاعت 1819ء میں لکھتے ہیں کہ غیاث الدین ضراب شاہ المعروف ضراب خان، محمود غزنوی رح کی فوجی مہم کے دوران ہندوستان دہلی تشریف لائے۔ محمود غزنوی کے عرب لشکر کی سپہ سالاری غیاث الدین ضراب شاہ کے سپرد تھی۔

تاریخ عباسیان ہند میں مصنف نجم الدین ثمرقندی نے لکھا ہے کہ ہندوستانی تاریخ دان اجت ناگ نے اپنی کتاب تاریخ دہلی کے صفحہ نمبر 126 میں لکھا ہے کہ جب محمود غزنوی افغانستان سے ہندوستان پر حملہ آور ہوا تو عرب لشکر کا نائب غیاث الدین عبیدی نامی نوجوان تھا، یہ نوجوان انتہائی بہادر اور جنگجو تھا۔ یہ دشمن کے لشکر پر ایسے حملہ کرتا تھا جس طرح بکریوں کے ریوڑ پر شیر حملہ آور ہوتا ہے اس وجہ سے اسے ضراب *کہتے تھے کہ عرب کا سب سے زیادہ مارنے والا شیر اور اس نوجوان کا شجرہ* نسب حضرت عباس بن عبدالمطلب رض کے فرزند عبید اللہ ابن عباس ابن عبدالمطلب رض سے جاملتا ہے اور یہ بنو عباس سے تھا۔

دوسری روایت میں درج ہے کہ *ضراب *کا لفظ عربی لفظ *ضرب *سے نکلا ہے جسکے معانی ہیں "بہت مارنے والا۔" دشمنوں کے لشکر پر زبردست حملے اور انتہائی جنگجو ہونے کے سبب سپہ سالار غیاث الدین شاہ کو *ضراب *کا خطاب دیا گیا اور آپ اسی نام

سے عوام الناس میں زیادہ مشہور و معروف ہوئے۔ علاوہ ازیں عرب میں ضراب اس شیر کو کہا جاتا ہے جو بہت مارنے والا ہو باویں وجہ غیاث الدین شاہ، ضراب خان کے نام سے زیادہ مشہور و معروف ہوئے۔ آپکے نام کیساتھ 'عبیدی' کا لاحقہ سے یہ ثابت ہے کہ آپ عبیداللہ ابن عباس کی اولاد سے تھے اور آپ کا شجرہ نسب سعید بن محمد بن عبیداللہ بن عباس بن عبدالمطلب رض سے جاملتا ہے، جسکا اندراج عرب شجرہ جات کی مشہور اور بنیادی کتاب *جذواۃ الاقتباس فی نسب بنو عباس* *مشجرات الزکیہ فی انساب بنی ھاشم *اور *بنو ھاشم از شیخ حسن الحسینی *میں درج ملتا ہے۔ آپکا سلسلہ نسب تیرھویں پشت پر جاکر حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے چچا سیدنا عباس ابن عبدالمطلب رضی اللہ تعالی عنہ سے جاملتا ہے۔ اس حوالے سے غیاث الدین ضراب شاہ المعروف ضراب خان کا شجرہ نسب یہ ہے :

سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ، لقب ضراب خان ابن طائف شاہ ابن الشریف نوح ابن الشریف عباس ابن الشریف رفیع ابن الشریف فضل ابن الشریف اسحاق ابن الشریف عادل ابن الشریف یافث ابن الشریف سعید ابن الشریف محمد ابن السیدنا عبیداللہ ابن السیدنا عباس ابن السیدنا عبدالمطلب ابن السیدنا ھاشم

بحوالہ - عباسیان ہند از مفتی نجم الدین ثمرقندی سن اشاعت 1819ء، انساب ظفرآباد] اعظم گڑھ جونپور ہندوستان سن اشاعت 1775ء، جزوۃ الاقتباس فی نسب بنو عباس، بنو ہاشم از الدکتور الشیخ حسن الحسینی، مشجرات الزکیہ فی انساب بنی ھاشم [

تصدیق النسب بسلسلہ ادارہ جات

[تصدیق و جاری بالنقابت الاشراف العباسیہ پاکستان]

تصدیق و جاری بالکتابہ بالنقابت الاشراف العباسیین الھاشمیین عراق، بالنقابت] الاشراف الھواشم عراق ، انساب صحف الھاشمیہ عراق، بالنقابت الاشراف الحسنیہ الکیلانیہ عراق، بالنقابت الاشراف اھلبیت الھند، انڈیا بسلسلہ شھادت النسب، تصدیق و نقابت راقم الحروف اسامہ علی عباسی - نقیب الاشراف العباسیین شمالی پاکستان [

مفتی نجم الدین ثمرقندی نے عباسیان ہند 1819ء میں صفحہ نمبر 38 میں یہ لکھا ہے کہ بعض مؤرخین نے لکھا ہے کہ غیاث الدین ضراب شاہ، حضرت عباس رض کے فرزند عبیداللہ ابن عباس کی اولاد سے تھے تبھی انکے نام کیساتھ عبیدی درج ہے جبکہ بعض

کہتے ہیں کہ غیاث الدین ضراب شاہ، پہلے عباسی خلیفہ عبداللہ السفاح کی نسل سے سیدنا عباس کے فرزند عبداللہ ابن عباس کی زریت میں سے تھے۔ مفتی نجم الدین ثمرقندی لکھتے ہیں کہ بعض مؤرخین نے سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ کے جدامجد الشریف السعید عباسی کو محمد بن عبیداللہ کی بجائے محمد بن عبداللہ السفاح کا بیٹا لکھا اور کہا کہ غیاث الدین ضراب شاہ، محمد بن عبداللہ السفاح کی نسل سے حضرت عباس کے فرزند حضرت عبداللہ ابن عباس رض کی اولاد سے تھے جبکہ عرب مؤرخین نے یہ لکھا ہے کہ عبداللہ السفاح کا حقیقی بیٹا محمد بن عبداللہ السفاح لاولد گزرا ہے، جسکی وجہ سے ابو عباس عبداللہ السفاح کی نسل نہیں چلی اور اسکا سعید نام کا کوئی بیٹا یا پوتا نہیں تھا۔ اس حوالے سے عرب تاریخ کی مشہور اور بنیادی کتب البلازری 850ء عیسوی، تاریخ طبری، الانساب الاشراف، جمہرات الانساب العرب 1022ء، الاساس فی انساب بنی عباس، جزواۃ الاقتباس، بنو ہاشم از الدکتور حسن الحسینی، تاریخ یعقوبی، تاریخ ابن حزم، تاریخ الخلفاء از امام جلال الدین سیوطی رح اور قریبا 260 عرب کتب میں یہ بات درج ملتی ہے کہ پہلے عباسی خلیفہ ابو عباس عبداللہ السفاح کا حقیقی بیٹا محمد بن عبداللہ سفاح لاولد گزرا ہے جسکی وجہ سے عبداللہ السفاح کی نسل نہیں چلی۔ اس حوالے سے غیاث الدین ضراب شاہ سے منسوب عبداللہ السفاح کی روایت من گھڑت اور غیر مستند ہے۔

اسکے علاوہ عباسیان ہند میں مفتی نجم الدین ثمرقندی مزید بیان کرتے ہیں کہ تاریخ اجمیر میں مولوی لطف اللہ الہ آبادی نے لکھا ہے غیاث الدین شاہ، بنو عباس ابن عبدالمطلب سے تھے۔ دہلی سے اجمیر حاظری دربار کے لیے آئے تھے۔ وہاں حضرت رکن مسند شاہ عرب سے تشریف لائے ہوئے تھے تو غیاث الدین انہی کے ہاں مہمان ٹھہرے۔ غیاث الدین کا لباس عربی تھا، کمر میں تلوار تھی جیسے مجاہد ہو، بڑا بارعب و خوبرو نوجوان تھا۔ چند دن ٹھہرنے کے بعد حضرت رکن شاہ کے حکم پر سرینگر، کشمیر گیا اور وہیں قیام کیا، سلوگن میں اسکی اولاد آباد ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ سرینگر تھوڑے عرصہ قیام کے بعد وہ پونچھ کشمیر چلا گیا جہاں سرینگر کے راجہ نے اسے جاگیر عطا کی تھی۔

تاریخ کشمیر کے مصنف الپیال رتن لکھتے ہیں کہ غیاث الدین شاہ کو شالاوجن، مقبوضہ کشمیر میں جاگیر دی گئی تھی اور یہ بنو عباس سے تھا اور غزنوی لشکر کیساتھ دہلی سے سرینگر آیا تب اسکو پونچھ میں یہ جاگیر سرینگر کے راجہ نے دی تھی۔ الپیال رتن کی یہ کتب 1725ء عیسوی میں سرینگر کشمیر سے شائع ہوئی تھی۔

مولوی الف دین راجوری کشمیری اپنی کتاب ہجرت کے سفر میں یہ لکھتے ہیں کہ ہم یہ بات تواتر سے سنتے آرہے ہیں کہ غزنوی لشکر میں عرب لشکر کی سپاہ گری عربی بنو عباس کی نسل سے غیاث الدین شاہ کے پاس تھی اور اس لشکر کی سپاہ گری کرتے ہوئے وہ سرینگر کشمیر آئے تھے جہاں ایک معرکے میں کامیابی کے بعد انہیں سرینگر کے راجہ کی طرف سے کافی جاگیر عطا کی گئی تھی۔

مفتی نجم الدین ثمرقندی بیان کرتے ہیں کہ ثقافت کشمیر از محب اللہ نے صفحہ نمبر 68 میں لکھا ہے کہ غیاث الدین شاہ کی شادی کشمیر کے راجہ مل خان کے آباؤاجداد کے خاندان میں ہوئی اور اسکے اکلوتے فرزند اکبر غئی خان کا ننھیال کشمیر کے راجہ شاخ مل کا خاندان تھا۔ عباسیان ہند 1819ء میں مصنف نجم الدین ثمرقندی نے صفحہ نمبر 211 میں لکھا ہے کہ سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ کے اکلوتے فرزند حضرت غئی محمد اکبر خان عباسی کے ہاں 5 بیٹے کنور خان، ثناء ولی خان، سردار خان، سالم خان اور مولم خان ہوئے جو کہ ڈھونڈ، جسکم، سراڑہ، گھیال اور تنولی عباسی قبائل کے جدامجد ہیں۔

مفتی نجم الدین ثمرقندی اپنی کتاب عباسیان ہند 1819ء میں مزید لکھتے ہیں کہ یہ بات مصدقہ ہے کہ یہ بنو عباس ابن عبدالمطلب رض ہی ہیں۔ غیاث الدین ضراب شاہ کی

اولاد میں مذہب کا رجحان دیگر قبائل سے زیادہ ہے، یہ اپنے نسب پر فخر کرتے ہیں۔ مہمان نواز، غم خوار، کشادہ دل اور حیا کرنے والے ہیں۔ یہ شفیق اور مہربان ہیں۔ سادہ لباس ہیں مگر غیرت مند، غصے کے تیز اور انتہا کے جنگجو ہیں۔ انکا جدامجد غیاث الدین ،ضراب شاہ المعروف ضراب خان، محمود غزنوی کے ہمراہ ھرات، خراسان سے دہلی ہندوستان آیا اور دہلی سے سرینگر، کشمیر عرب کندی کے حکم پر وارد ہوا۔ سرینگر کے راجہ نے اسے قدیمی پونچھ، کشمیر میں جاگیر عطا کی تھی اور اس نے وہیں مستقل سکونت اختیار کی اور اسکی قبر کہوٹہ میں واقع ہے۔ مری، کہوٹہ، ہزارہ، آزاد کشمیر میں آباد عباسی اسی کی اولاد ہیں۔

عباسی الخراسانی از اسامہ علی عباسی سے ماخوذ

آرٹیکل تالیف اول بالتاریخ اپریل 2022ء

تالیف دوم بالتاریخ جنوری 2023ء

- *تصدیق و جاری کردہ بسلسلہ ادارہ جات


ادارہ تحقیق الانساب ملت عباسیہ پاکستان

ادارہ نقابت الاشراف العباسیہ پاکستان

مجلس نقباء بنو عباس پاکستان

ادارہ انساب الاشراف بنو عباس پاکستان

تحفظ انساب عباسیہ پاکستان


السیدنا عباس ابن عبدالمطلب، عم رسول اللہ
1
جاری بالنقابۃ الاشراف العباسیہ الباکستان
عبیداللہ ابن عباس
عباس
عبداللہ
جعفر
طلحہ
النقیب اسامہ علی عباسی
01/01/2023
محمد بن عبیداللہ
سلیم
عبداللہ
عبدالرحمان
سعید (معید السعید)
فضل
عبداللہ
بحوالہ:
مشجرات الزکیہ فی انساب بنو ہاشم -
بنو ہاشم از الشیخ حسن الحسینی
یافث
عادل
احمد
اسحاق
بحوالہ: جاری بالنقابۃ الاشراف العباسیین الہاشمیین عراق بسلسلہ نقابت اسامہ عباسی۔
بحوالہ: جاری بالنقابۃ الاشراف الہند - بسلسلہ نقابت اسامہ علی عباسی.
فضل
رفیع
عباس
بحوالہ: عباسیان ہند صفحہ نمبر 211، 276 & 36
نقیب اسامہ علی عباسی
Abbasi
01/01/2023
نوح
جزوات الاقتباس - الاساس فی نسب بنی عباس
(اسامہ علی عباسی)
بنوہاشم از الشیخ الحسنی
طائفشاہ
غیاث الدین شاہ المعروف ضراب خان
احمد
عباس
عبدالعزیز
تصدیق النقابۃ الحسنیہ الکیلانیہ، عراق

تاریخ خاندان عباسیہ شمالی پاکستان، قبیلہ ڈھونڈ عباسی مری، ہزارہ و کشمیر

السیف الجلی علی منکر النسب اولاد ولی الکامل شاہ ولی

از

اسامہ علی عباسی

نقیب الاشراف العباسیین الہاشمیین شمالی پاکستان

(عباسی الخراسانی از اسامہ علی عباسی سے ماخوذ)

خطہ کوہسار و پوٹھوہار، خطہ ہزارہ و کشمیر میں آباد خاندان عباسیہ کے ڈھونڈ عباسی قبیلے کے جدامجد ولی کامل و مرد درویش حضرت شاہ ولی خان عباسی رحمت اللہ تعالی علیہ ہیں اور آپکی اولاد کو ڈھونڈ عباسی کہا جاتا ہے۔ آپ سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ المعروف ضراب خان کے بڑے پوتے والئی پونچھ کشمیر سردار کنور خان عباسی المعروف کھوندر خان کی پانچویں پشت پر آتے ہیں۔ آپکا سلسلہ نسب اکیسویں پشت پر جاکر نبی اکرم

صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے چچا سیدنا عباس ابن عبدالمطلب رضی اللہ تعالی عنہ سے جاملتا ہے۔ آپ کا نام مبارک "شاہ ولی" ہے جسکے معانی ہیں "اولیاء کا بادشاہ" جبکہ آپکا لقب ڈھونڈ ہے جسکے معانی ہیں "تلاش کیا گیا". آپ امام الاولیاء و غوث الزماں حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمت اللہ تعالی علیہ کے عقیدت مند و مرید خاص تھے اور آپکے پیر و مرشد کی صحبت و دعا کا یہ اثر ہوا کہ حضرت شاہ ولی خان عباسی المعروف ڈھونڈ خان کی نسل میں 16 سے زائد جلیل القدر اولیاء و صلحاء اور ہزاروں مجاہدین اسلام پیدا ہوئے جنہوں نے خطہ کوہسار و ہزارہ، خطہ پوٹھوہار و کشمیر میں اسلام کی ترویج و اشاعت کی اور وقت کے ہر ظالم کے خلاف علی الاعلان علم جہاد بلند کیا۔

حضرت شاہ ولی خان عباسی کے جدامجد سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ المعروف ضراب خان عباسی سن 1020ء کو محمود غزنوی کے عرب لشکر کی سپہ سالاری کرتے ہوئے ہندوستان وارد ہوئے اور ریاست کشمیر پر حملہ آور ہوئے۔ عباسیان ہند 1819ء میں مفتی نجم الدین ثمرقندی نے غیاث الدین ضراب شاہ المعروف ضراب کے تمام حالات و واقعات کو قلمبند کیا ہے، ریاست کشمیر میں سکونت اختیار کرنے اور شاہ کشمیر کی دختر سے غیاث الدین ضراب شاہ کا نکاح ہونے کیبعد آپ قدیم ریاست کشمیر میں ہی آباد ہوئے جہاں سے آپکی نسل کا آغاز ہوا، عباسیان ہند 1819ء میں درج ہے

کہ غیاث الدین ضراب شاہ کی زوجہ محترمہ کشمیر کے راجہ شاخ مل کے خاندان سے تھی۔ بایں وجہ ڈھونڈ عباسی باپ کی طرف سے عربی النسل بنو عباس اور ماں کی طرف سے کشمیری النسل برہمن راجپوت ہیں. ریاست کشمیر کی شہزادی کے بطن سے غیاث الدین ضراب شاہ المعروف ضراب خان کے اکلوتے فرزند حضرت غئی محمد اکبر خان عباسی پیدا ہوئے جو اپنے دور کے عظیم روحانی بزرگ گزرے ہیں۔ مراۃ السلاطین فی سیر المتاخریں 1836ء، آئینہ قریش 1916ء، پنجاب چیف 1890ء و سابقہ تمام تاریخی کتب میں درج ہے کہ غیاث الدین ضراب شاہ کافی عرصہ اولاد کی نعمت سے محروم رہے، بالآخر کہوٹہ میں آپکی ملاقات ایک ولی کامل سے ہوئی جنکی دعا سے آپکے ہاں ایک بیٹا غئی محمد اکبر خان عباسی پیدا ہوئے جوکہ اپنے دور کے سلسلہ چشتیہ کے ایک عظیم روحانی بزرگ گزرے ہیں۔ آپکی پرورش اسی ولی کامل کے زیر سایہ و دست عقیدت کے تحت ہوئی۔ حضرت غئی محمد اکبر خان کی پیدائش 1040ء عیسوی کو کہوٹہ میں ہوئی۔ سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ اور انکے فرزند ارجمند حضرت غئی محمد اکبر خان عباسی کا مزار گاؤں دراں کوٹ، تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی میں واقع ہے اور مرجع خلائق ہے۔ حضرت غئی محمد اکبر خان عباسی المعروف اکبر گہی خان کے 5 بیٹے کنور خان المعروف کہوندر خان، سالم خان، ثناء ولی خان المعروف تناولی خان، سردار خان المعروف سراڑہ خان اور مولم خان ہوئے جن سے انکی نسل آباد ہوئی۔ وہ قبیلہ ڈھونڈ عباسی، جسکم عباسی، گیہال عباسی، سراڑہ عباسی اور تنولی عباسی قبائل کے جدامجد ہیں۔

حضرت غنئ محمد اکبر خان عباسی المعروف اکبر گہی خان کے سب سے بڑے بیٹے والئ پونچھ، کشمیر سردار کنور خان عباسی المعروف کھوندر خان کو ہی ڈھونڈ عباسی اور جسکم عباسی قبائل کا حقیقی مورث اعلی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ سب خاندان آپکی اولاد سے ہی مشہور و معروف ہوئے ہیں۔ سردار کنور خان عباسی کی تاریخ پیدائش قریبا 1063 عیسوی ہے اور آپکے 3 فرزندان بہادر خان، فرادم خان اور کالو خان کا زکر عباسیان ہند 1819ء میں درج ملتا ہے۔ عباسیان ہند میں مصنف نجم الدین ثمرقندی نے لکھا ہے کہ کنور خان کے بڑے بیٹے بہادر خان جنکی اولاد راجوری، جموں موجودہ مقبوضہ کشمیر میں آباد تھی جبکہ دوسرے بیٹے فرادم خان جنکی اولاد کثیر مقبوضہ کشمیر میں آباد تھی، آپکے تیسرے بیٹے کالو خان جموں کشمیر سے چھلہاڑ پلندری موجودہ آزاد کشمیر آباد ہوئے تھے جنکی نسل سے مری، ہزارہ و کشمیر کے ڈھونڈ عباسی، جسکم عباسی، گہیال عباسی ہیں۔ عباسیان ہند 1819ء میں مفتی نجم الدین ثمرقندی بیان کرتے ہیں کہ غیاث الدین ضراب شاہ کے بڑے پوتے کنور خان کے فرزند کالو خان کشمیر سے چھلہاڑ پلندری آکر آباد ہوئے تھے۔ انہوں نے کشمیر کے راجہ رستم رائے کی دختر سے شادی کی اور انکے بعد انکے جانشین ہوئے۔ انکو "رائے" کا خطاب دیا گیا جسکی وجہ سے انکا نام کالو رائے خان پڑ گیا اور ان کی قبر چھلہاڑ، پلندری ملحقہ آزاد پتن کہوٹہ میں واقع ہے۔ دوسری روایت میں النساب القبائل اکبریہ و پنجاب چیف 1890ء کے مصنفین نے

لکھا ہے کہ کالو خان کی شادی کشمیر کے راجہ دھنی رائے کی دختر سے ہوئی تھی اور آپکو رائے کا خطاب دیا گیا تھا۔ یہ بات مصدقہ ہے کہ کنور خان کے فرزند کالو خان کی شادی دختر راجگان پونچھ کشمیر کیساتھ طے ہوئی تھی اور غیاث الدین ضراب شاہ کے بعد یہ دوسری شادی تھی جو کہ راجگان کشمیر کے خاندان میں ہوئی بایں وجہ مستقبل میں آپکی اولاد ان علاقوں میں بااثر رہی۔ "رائے" کا خطاب عموما زمانہ قدیم میں ریاست کشمیر کے مختلف حصوں کے چھوٹے راجہ استعمال کرتے تھے۔ کالو خان عباسی المعروف کالو رائے خان عباسی کی 3 پشتوں تک پونچھ، کشمیر کی راجگیری آپکی اولاد میں چلتی رہے اسی وجہ سے تاریخ میں آپکے پوتوں کے نام کیساتھ بھی رائے کا خطاب ہمیں درج ملتا ہے۔

عباسیان ہند 1819ء ،پنجاب چیف 1890ء، عباسی شمالی پاکستان میں 1964ء از سردار ایوب عباسی اور دیگر تاریخی کتب میں درج ہے کہ راجگان کشمیر کی دختر سے کالو خان المعروف کالو رائے خان کے 2 فرزندان قدرت اللہ خان المعروف کوند خان اور کور خان ہوئے جبکہ پنجاب چیف 1890ء کی رو سے کالو رائے خان کی دوسری کیٹھوال بیوی کے بطن سے باز خان اور بچا خان تھے، قدرت اللہ خان المعروف کوند خان جنہیں تاریخ میں کوند رائے خان بھی لکھا گیا وہ شہزادی راجگان پونچھ کے بڑے بیٹے

تھے اور نواسہ راجگان پونچھ تھے، والد کی وفات کیبعد مسند نشیں ہوئے۔ عباسیان ہند 1819ء میں مفتی نجم الدین ثمرقندی لکھتے ہیں کہ قدرت اللہ خان کے فرزند نیک محمد خان عباسی المعروف نکودر خان ہوئے اور نیک محمد خان کے دلیل محمد خان ہوئے اور دلیل محمد خان کے بیٹے راسب خان تھے۔ راسب خان کے ہاں 2 بیٹے شاہ ولی خان اور باغ ولی خان ہوئے جنکی اولاد دیس ہزارہ، مری، کہوٹہ اور کشمیر میں آباد ہوئی اور ان علاقوں میں بااثر رہی۔ شاہ ولی خان عباسی المعروف ڈھونڈ خان کو ہی ڈھونڈ عباسی قبیلے کا جدامجد کہا جاتا ہے جبکہ آپکے برادر حقیقی باغ ولی خان کے بیٹے جسکم خان کی نسبت جسکم عباسی قبیلہ مشہور ہوا جسکی زیلی شاخیں جسکم کھتریل اور گہیال ہیں جو کہ کہوٹہ، گوجر خان، پوٹھوہار اور آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر میں مختلف مقامات پر آباد ہے۔ جسکم خان کی اولاد سے ہی زمانہ قدیم 1600ء کے قریب چند افراد کہوٹہ سے کھرل عباسیاں، ضلع باغ آزاد کشمیر آباد ہوئے جو کہ گہیال عباسی شاخ کے نام سے معروف ہیں۔ اس شاخ میں جلیل القدر اولیاء عظام پیدا ہوئے اور انکی درگاہ کھرل عباسیاں، باغ آزاد کشمیر میں مرجع خلائق ہے۔

حضرت شاہ ولی خان عباسی المعروف ڈھونڈ خان کا شجرہ نسب یوں ہے؛

حضرت شاہ ولی خان عباسی المقلب ڈھونڈ خان ابن راسب خان ابن دلیل محمد خان ابن نیک محمد خان المعروف نکودر خان ابن قدرت اللہ خان المعروف کوند خان ابن کالو خان المعروف کالو رائے خان ابن سردار کنور خان عباسی المعروف کھوندر خان ابن حضرت غئی محمد اکبر خان ابن سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ المعروف ضراب خان

(بحوالہ عباسیان ہند 1819ء از مفتی نجم الدین ثمرقندی ، انساب ظفرآباد جونپور اعظم گڑھ ہندوستان 1804ء)

[تصدیق و جاری بالنقابت الاشراف العباسیہ پاکستان]

[مجلس نقباء بنو عباس پاکستان]

[ادارہ انساب الاشراف بنو عباس پاکستان]

[تصدیق و جاری بالنقابت الاشراف العباسیین الہاشمیین عراق، بالنقابت الاشراف الحسنیہ الکیلانیہ عراق، بالنقابت الاشراف اھلبیت الھند، انڈیا سلسلہ شہادت النسب و تصدیق راقم الحروف اسامہ علی عباسی - نقیب العباسیین شمالی پاکستان]

ولی کامل اور مرد درویش حضرت شاہ ولی خان عباسی کا دورحیات قریبا 1205ء عیسوی سے 1280ء عیسوی کا زمانہ ہے۔ آپ کے والد راسب خان ، ایک روحانی شخصیت گزرے ہیں. شاہ ولی خان عباسی کی پیدائش 1205ء عیسوی میں چھلہاڑ، پلندری ملحقہ آزاد پتن آزاد کشمیر میں ہوئی۔ بچپن سے ہی یاد الہی آپکا مشغلہ رہا، دور جوانی میں آپ تعلیم و تربیت کے لیے ملتان تشریف لے گئے اور امام الاولیاء حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمت اللہ تعالی علیہ کے ہاتھ پر مشرف بیعت ہوئے۔ آپکی تعلیم و تربیت میں آپکے مرشد کا ایک بڑا کردار رہا ہے۔ لفظ "ڈھونڈ" کا خطاب بھی آپکو بارگاہ مرشد سے ہی تفویض کیا گیا۔ تاریخی روایات اور عباسی شمالی پاکستان از سردار ایوب عباسی میں درج ملتا ہے کہ آپ اپنے پیر و مرشد سے بچھڑ گئے تھے اور کافی تلاش بسیار کیبعد آپکو تلاش کیا گیا تھا بایں وجہ آپ دیگر مریدین و متعلقین میں "ڈھونڈ خان" کے نام سے مشہور و معروف ہوئے بایں وجہ آپکی اولاد کو ماضی بعید میں مقامی رسم و رواج کے تناظر میں عرب قبیلہ قریش کی نسبت ڈھونڈ قریش کہا جاتا تھا۔ حضرت شاہ ولی خان عباسی المقلب ڈھونڈ خان کے ہاں دو بیٹے سردار حسن خان اور پیر محمود شاہ ہوئے۔ پیر محمود شاہ اپنے دور کے ایک عظیم روحانی بزرگ گزرے ہیں اور وہ حضرت شاہ رکن عالم کے مریدین میں شمار ہوتے تھے، بعض کہتے کہ وہ لاولد گئے جبکہ بعض کہتے کہ وہ بحکم مرشد وہ دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت کے لیے قدیم ہند تشریف لے گئے اور وہیں کہ

ہوکر رہ گئے۔ حضرت شاہ ولی خان کے بیٹے حسن خان کو ہی ڈھونڈ عباسی قبیلے کا حقیقی مورث اعلی کہا جاتا ہے کیونکہ تمام ڈھونڈ عباسی آپکی اولاد ہیں، آپکی بعض اولاد جسکم ڈھونڈ بھی کہلاتی ہے جو کہ تحصیل کہوٹہ، آزاد پتن، پلندری و مضافات میں آباد ہیں۔ النساب القبائل اکبریہ از کیپٹن اشرف خان میں درج ہے کہ حسن خان کی قبر گاؤں چھلہاڑ، پلندری آزاد کشمیر ملحقہ آزاد پتن کہوٹہ کے قدیمی قبرستان میں موجود تھی۔

عباسیان ہند 1819ء از مفتی نجم الدین ثمرقندی اور تاریخ اقوام پونچھ میں مستند مؤرخ محمد دین فوق نے بیان کیا ہے کہ حسن خان کے ہاں دو بیٹے گلاب خان اور پیر محمد خان رحمت اللہ تعالی علیہ ہوئے جن میں سے گلاب خان چھلہاڑ پلندری سے دریائے جہلم کے پار کہوٹہ کے میدان میں آکر آباد ہوئے جبکہ پیر محمد خان المعروف بیر خان پلندری پونچھ میں ہی سکونت پزیر ہوئے۔ گلاب خان کا دور حیات 1258ء سے 1330ء درج ملتا ہے۔ گلاب خان کے ہاں 3 بیٹے امیر محمد خان المعروف میر خان، سلطان محمد خان عرف سہو خان اور غلام محمد خان عرف بجو خان ہوئے۔ 1831ء میں ڈوگروں کے ظلم و ستم سے بچنے کے لیے وقت کے تقاضے کے پیش نظر سلطان محمد خان اور غلام محمد خان کی اولاد نے اپنی شناخت کو چھپایا اور خود کو جسکم عباسی شاخ میں ظاہر کیا جسکی وجہ سے اب بھی سہوال اور بجوال شاخوں کو جسکم ڈھونڈ کہا جاتا ہے حالانکہ یہ خالص ڈھونڈ

عباسی قبیلے سے ھیں، انکی آبادی مضافات کہوٹہ و گوجر خان میں موجود ہے۔ گلاب خان کے بڑے فرزند حضرت امیر محمد خان اپنے دور کے ایک عظیم روحانی شخصیت گزرے ہیں جنکو پیر بے ریاء کے نام سے بھی جانا تھا، امیر محمد خان عباسی المعروف میر خان کہوٹہ سے نقل مکانی کرکہ گھوڑا گلی، مری کے مضافاتی گاؤں دناہ شریف میں آباد ہوئے اور آپکی قبر دناہ شریف، لورہ ہزارہ میں ہی موجود ہے۔ عباسیان ہند 1819ء، سابقہ شجرہ جات اور انساب ظفرآباد جونپور اعظم گڑھ 1804ء میں درج ہے کہ امیر محمد خان کے ہاں 2 بیٹے پیر نعمت شاہ المعروف دائمت بابا اور رحمت علی شاہ المعروف ککی خان پیدا ہوئے۔ امیر محمد خان کی وفات کیبعد آپکے بیٹے رحمت علی شاہ المعروف ککی خان دناہ شریف کے مضافاتی گاؤں روپڑ، لورہ سے اپنے چچا کے پاس کہوٹہ دوبارہ تشریف لے گئے۔ بعض کہتے ھیں کہ وہ قدیم ہندوستان میں جموں کے مضافاتی علاقے میں جاکر آباد ہوئے اور انکی اولاد خطہ پوٹھوہار و کشمیر میں آباد نہیں ھے۔

امیر محمد خان کے بیٹے حضرت پیر نعمت شاہ، لقب دائمت بابا المعروف پیر دادا ڈھمٹ خان عباسی رحمت اللہ تعالی علیہ اپنے دور کے عظیم روحانی بزرگ گزرے ہیں اور ڈھونڈ عباسی قبیلے کے حقیقی مورث اعلی ہیں۔ خطہ ہزارہ، کوہسار اور آزاد کشمیر میں آباد تمام ڈھونڈ عباسی آپکی ہی زریت ھیں۔ آپ حضرت شاہ ولی خان المعروف ڈھونڈ خان کے

پڑپوتے تھے اور شاہ ولی خان کی حقیقی نسل اور انکا روحانی فیض آپکی زات بابرکت سے جاری و ساری ہوا۔ آپکا دور حیات 1320ء عیسوی سے 1420 عیسوی کا زمانہ گزرا ہے۔ آپکا اسم مبارک "نعمت شاہ" اور لقب "دائمت بابا" ہے جسکے معانی ہیں مسلسل، چھپا ہوا اور پوشیدہ۔ بعض روایات میں ہے کہ آپ سلسلہ چشتیہ قلندریہ کے عظیم روحانی بزرگ گزرے ہیں ۔ جس وقت آپ مری میں آباد ہوئے تو اس وقت خطہ کوہسار مری میں اسلام کی شمع روشن نہیں تھی اور یہاں پر قدیمی مقامی قبائل ستی اور کیٹھوال آباد تھے جو کہ غیر مسلم تھے۔ جب کشمیر کے سفر پر سید علی ہمدانی رح کا گزر 1350ء کے قریب خطہ کوہسار مری سے ہوا تو اس وقت خطہ کوہسار میں اسلام نہیں پھیلا تھا، آپکے ہاتھ پر ایک کیٹھوال راجہ اگر خان مشرف بااسلام ہوا تھا جسکا اسلامی نام علی زماں خان رکھا گیا تھا۔ سید علی ہمدانی رح قریبا 1350ء میں کوہالہ کے رستے کشمیر میں داخل ہوئے تھے اور سرینگر کے سفر پر گامزن ہوئے اور قدیم ریاست کشمیر میں اسلام کی ترویج و اشاعت کی۔ پیر نعمت شاہ المعروف دائمت بابا، جنہیں مقامی پہاڑی زبان میں پیر دادا ڈھمٹ خان عباسی کے نام سے بھی جانا جاتا ہے انہوں نے خطہ کوہسار و ہزارہ میں اسلام کی ترویج و اشاعت کی۔ خطہ کوہسار و ہزارہ میں اسلام کی شمع روشن کرنے والوں میں آپکا نام شامل ہے اور آپکے ہاتھ پر ہزاروں لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔ خطہ کوہسار مری کی سب سے قدیمی زیارت و درگاہ آپکے نام سے ہی منسوب کی جاتی ہے اور آپکا مزار اقدس گھوڑا گلی، مری کے مضافاتی گاؤں دناہ شریف میں مرجع

خلائق ہے۔ پیر نعمت شاہ خطہ کوہسار کے وہ عظیم روحانی پیشوا ہیں جنکی ذات بابرکت کا فیض برابر جاری و ساری ہے۔ آپ خطہ کوہسار کے چمکتے ماہتاب ھیں جسکا احساس آپکی درگاہ عالیہ پر چند لمحات بسر کرنے میں محسوس کیا جاسکتا ہے۔ آپکے ہاں کل پانچ فرزندان پیدا ہوئے جن میں غازی پائندہ خان عباسی شہید، تاج محمد خان المعروف ٹوٹہ خان، چمن خان، بہادر خان اور عبداللہ خان المعروف ٹپا خان شامل ہیں۔ آپکی اولاد ملک پاکستان میں خطہ کوہسار مری، سرکل بکوٹ، لورہ ہزارہ، ایبٹ آباد شہر، بالاکوٹ ضلع مانسہرہ، ضلع ہری پور ہزارہ، خانپور ہزارہ، دھیرکوٹ آزاد کشمیر، مظفرآباد آزاد کشمیر کے علاوہ مقبوضہ کشمیر میں بھی جموں ڈویژن، ضلع اڑی پونچھ، بارہ مولا اور سرینگر کے مقامات پر بھی آباد ہے۔ آپکی اولاد میں سینکڑوں اولیاء کاملیں اور مجاہدین اسلام پیدا ہونے جن میں مشہور زمانہ ملک عبدالرحمان خان عباسی المعروف رتن خان اور ملک قاسم خان عباسی المعروف چند خان ہیں جنکا مزار چمنکوٹ، تحصیل دھیرکوٹ آزاد کشمیر میں مرجع خلائق ہے۔ اسکے علاوہ بھی ملک عبدالرحمان خان المعروف رتن خان المتوفی 1520ء کی پشت سے سلسلہ قادریہ کے عظیم بزرگ حضرت حافظ سراج الدین سورج علی خان المعروف پیر ملک سورج اولیاء رح المتوفی 1720ء خطہ کوہسار کے ایک عظیم روحانی بزرگ گزرے ہیں جنکا مزار مری کے گاؤں پوٹھہ شریف میں مرجع خلائق ہے۔ تقریبا 700 سال گزرنے کے باوجود بھی دادا حضور حضرت پیر نعمت شاہ المعروف دائمت بابا کا مزار مبارک اسی شان و شوکت سے چمک رہا ہے اور آپکے روحانی فیوض کا سلسلہ


آج بھی جاری و ساری ہے۔ اللہ رب العزت انکا آستانہ ہمیشہ قائم و دائم رکھے اور انکی اولاد کو انکے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عنایت کریں۔ خطہ کوہسار میں پیر نعمت شاہ وہ گوہر نایاب ہیں جنکی عاجزی و انکساری، محبت و شفقت کے روحانی سلسلے کی نظیر کہیں دوسری جگہ نہیں ملتی۔ آپ تمام ڈھونڈ عباسی شاخوں کے دادا حضور اور انکو جوڑنے والی شخصیت ھیں جہاں سے جاکر تمام ڈھونڈ عباسیوں کا سلسلہ نسب ایک ہوجاتا ہے۔ آپکے روحانی فیض کا سلسلہ بلاتفریق قوم و مسلک تمام بنی نوع انسانی کے لیے برابر جاری و ساری ہے۔

باحث و کاتب

اسامہ علی عباسی

نقیب الاشراف العباسین شمالی پاکستان

عباسی الخراسانی اپریل 2022ء سے ماخوذ


2
سپہ سالار غیاث الدین ضراب شاہ المعروف ضراب خان
ولی کامل حضرت غنی محمد اکبر خان عباسی
سالم خان
مغل باز خان (تنولی عباسی)
کنور خان عباسی المعروف کہوندر خان
سردار خان
ثناء ولی خان
مولم خان
فرادم خان
کالو خان عباسی المعروف کالو رائے خان
بہادر خان
قدرت اللہ خان عرف کوند خان
کودر خان
نیک محمد خان عباسی عرف نکودر خان
دلیل محمد خان عباسی
داسب خان عباسی
بحوالہ: عباسیان ہند 1819ء
انساب ظفر آباد اعظم گڑھ 1805ء
حضرت شاہ ولی خان، لقب ڈھونڈ خان
قبیلہ ڈھونڈ عباسی
باغ ولی خان عرف بھاگ خان
نقابت الاشراف العباسیین الہاشمین البالکستان، اسامہ علی عباسی۔

خلاصہ تاریخ خاندان عباسیہ شمالی پاکستان (مری، ہزارہ و کشمیر)*

ڈھونڈ عباسی (جسے Dhúnd Abbasi بھی لکھا جاتا ہے، اردو: ڈھونڈ عباسی) شمالی پاکستان میں آباد خاندان عباسیہ کا ایک ذیلی قبیلہ ہے۔ عباسی خاندان کے جدامجد حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے چچا سیدنا عباس ابن عبدالمطلب رضي الله تعالي عنہ ہیں اور آپکی اولاد کو "عباسی" کہا جاتا ہے۔ اسی خاندان عباسیہ نے عالم اسلام کی عظیم الشان سلطنت خلافت عباسیہ کی بنیاد رکھی جو 748ء سے 1258ء تک قریبا 510 سال تک قائم رہی جسکی حدود سندھ، پاکستان سے لیکر بشمول عرب ممالک، براعظم افریقہ کے آخری ملک مراکش تک پھیلی ہوئی تھی۔ عباسی خاندان نے قریبا 510 سال تک بغداد، عراق سے دنیا کے ایک وسیع و عریض رقبے پر خلافت کی ہے اور اس دور خلافت کو عالم اسلام کا سنہری دور خلافت کہا جاتا ہے۔ شمالی پاکستان میں آباد خاندان عباسیہ کا ڈھونڈ عباسی قبیلہ بنیادی طور پر ضلع ایبٹ آباد اور ضلع مری اور اسکے ساتھ ساتھ تحصیل کہوٹہ اور صوبہ پنجاب کے ضلع راولپنڈی میں آباد ہیں۔ یہ صوبہ خیبر پختونخواہ کے ہزارہ ڈویژن کے ضلع ہری پور اور مانسہرہ میں بھی پائے جاتے ہیں۔ ایبٹ آباد اور مری کے علاوہ آزاد کشمیر کے ضلع باغ اور ضلع مظفرآباد میں ڈھونڈ عباسیوں کی بڑی آبادی آباد ہے۔ یہ قبیلہ پہاڑی - پوٹھواری زبان کی ڈھونڈی-کڑلالی پہاڑی بولی بولتا

ہے۔ لفظ "ڈھونڈ" ایک اعزازی نام تھا جو ان کے آباؤاجداد میں سے ولی کامل حضرت شاہ ولی خان عباسی کو انکے روحانی شیخ کی جانب سے دیا گیا تھا۔

ان کے آباؤاجداد غیاث الدین ضراب شاہ جنہیں سردار ضراب خان عباسی (دور حیات 998ء - 1072ء) کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، غزنی سلطنت کے سلطان محمود غزنوی کے دور میں ہرات، افغانستان میں مسلح افواج کے گورنر جنرل اور کمانڈر تھے۔ وہ 1020ء میں محمود غزنوی کے ساتھ عباسی خلیفہ القادر باللہ (990ء سے 1031ء) کے دور خلافت میں اپنی جنگی مہم میں برصغیر آیا اور قدیم ریاست کشمیر پر حملہ کیا۔ جب ضراب خان اپنی فوج کے ساتھ کشمیر پہنچا تو کشمیر کا بادشاہ سالانہ جزیہ ادا کرنے پر راضی ہوا اور اپنی بیٹی کی شادی بھی عباسی آرمی چیف سردار ضراب خان عباسی سے کر دی۔ انہوں نے کشمیر کے بادشاہ سے بڑی دولت اور زمینیں حاصل کیں اور عباسی خاندان کے سفیر کے طور پر ریاست کشمیر میں ہی آباد ہو گئے۔ ان کی قبر ضلع راولپنڈی کی تحصیل کہوٹہ کے گاؤں درانکوٹ میں مرجع خلائق ہے۔ سردار ضراب خان، طائف شاہ کا بیٹا تھا جو 974 عیسوی سے 991 عیسوی تک حکومت کرنے والے عباسی خلیفہ الطائع لی امر اللہ کے دور میں خراسان میں ایک عباسی کمانڈر تھا۔ بعد میں اس نے خراسان میں سبکتگین (محمود غزنوی کے والد) کے لشکر میں شمولیت اختیار کی۔

غیاث الدین ضراب شاہ المعروف سردار ضراب خان عباسی کا ایک ہی بیٹا تھا جس کا نام غنئ محمد اکبر تھا جسے سردار اکبر غنئ خان عباسی بھی کہا جاتا ہے جس کی قبر بھی درانکوٹ، کہوٹہ میں ان کے والد کی قبر کے ساتھ ہے۔ سردار اکبر غنئ خان عباسی کے پانچ بیٹے تھے جن کے نام کنور خان المعروف کھوندر خان، سردار خان المعروف سراڑہ خان، سالم خان، ثناء ولی خان المعروف تناولی خان اور مولم خان تھے جن سے ان کی نسل پھیلتی ہے۔ وہ ڈھونڈ عباسی، جسکم عباسی، گہیال عباسی، سراڑہ عباسی اور تنولی عباسی قبائل کے جد امجد تھے۔ کنور خان المعروف کھوندر خان کے تین بیٹے تھے جن کا نام فرادم خان، بہادر خان اور کالو خان المعروف کالو رائے خان تھا۔ فرادم خان جنکی اولاد راجوری موجودہ ہندوستانی مقبوضہ کشمیر میں آباد تھی اور بہادر خان جس کی نسل کثیر، ہندوستانی مقبوضہ کشمیر میں پھیلی ہوئی تھی۔ کالو خان (دور حیات 1083ء تا 1150ء) مقبوضہ جموں کشمیر کے علاقے سے چھلہاڑ پلندری پونچھ، اب پلندری آزاد کشمیر چلا گیا، اس نے کشمیری بادشاہ راجہ رستم رائے کی بیٹی سے شادی کی اور اس کا جانشین بنا۔ اسے "رائے" کا خطاب ملا تو کالو خان کا نام کالو رائے خان ہو گیا۔ دوسرا حوالہ کہتا ہے کہ اس نے کشمیر کے راجہ دھنی رائے کی بیٹی سے شادی کی۔ مری، ہزارہ اور آزاد کشمیر کے ڈھونڈ عباسی، جسکم عباسی اور گہیال عباسی قبائل اپنے خاندان کی جڑیں کالو خان المعروف کالو رائے خان سے ملاتے ہیں۔ کالو خان کے بیٹے

کا نام قدرت اللہ خان المعروف قوند خان تھا اور قدرت اللہ خان کا بیٹا نیک محمد خان المعروف نکودر خان ہوا اور نیک محمد خان کا دلیل محمد خان تھا اور دلیل محمد خان کا راسب خان تھا۔ راسب خان کے دو بیٹے تھے جن کے نام شاہ ولی خان عباسی المعروف ڈھونڈ خان اور باغ ولی خان عباسی المعروف بھاگ خان تھے۔ مری، ہزارہ ڈویژن اور آزاد کشمیر کے ڈھونڈ عباسی اپنی جڑیں ولی کامل حضرت شاہ ولی خان عباسی المقلب ڈھونڈ خان سے ملاتے ہیں جب کہ آزاد کشمیر اور کہوٹہ کے گیہال اور جسکم عباسی اپنی جڑیں باغ ولی خان عباسی المعروف بھاگ خان سے واپس کرتے ہیں۔ یہ واقعہ 1836 عیسوی میں فارسی میں لکھی جانے والی مشہور تاریخ کی کتاب ضراب خان عباسی کے خاندانی شجرہ کے ساتھ مراۃ السلاطین جلد اول میں درج ہے۔ نیز خاندانی شجرہ نسب کے ساتھ ڈھونڈ عباسیوں کی مکمل تاریخ انساب ظفرآباد جونپور اعظم گڑھ ہند سن اشاعت 1800ء اور عباسیان ہند 1819ء میں مفتی نجم الدین ثمرقندی کی تحریر کردہ میں بیان ہیں۔ نیز بہت سے تاریخی حوالہ جات ڈھونڈ عباسیوں کے بارے میں 16ویں اور 17ویں صدی میں لکھی گئی کشمیر کی تاریخ کی پرانی کتابوں میں لکھے گئے ہیں۔

لفظ "ڈھونڈ" ایک اعزازی نام تھا جو ان کے جد امجد حضرت شاہ ولی خان عباسی (1192ء - 1258ء) کو دیا گیا تھا، جسے ان کے روحانی شیخ حضرت بہاؤ الدین زکریا

ملتانی نے ڈھونڈ خان کے نام سے پکارا۔ واقعہ یوں درج ہے کہ آپ اپنے پیر و مرشد سے بچھڑ گئے تھے اور کافی تلاش بسیار کیبعد آپکو تلاش کیا گیا، اس وجہ سے آپ ڈھونڈ خان کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں۔ حضرت سردار شاہ ولی خان عباسی بھی صوفی بزرگ تھے۔ شاہ ولی خان کے بیٹے کا نام سردار حسن خان تھا جسکی قبر گاؤں چھلہاڑ، پلندری آزاد کشمیر میں ملتی ہے۔ انکی اولاد میں اولیاء و صوفیاء کثرت سے پیدا ہوئے ہیں۔ حضرت شاہ ولی خان عباسی کے بھائی کا نام باغ ولی خان تھا جو کہ جسکم اور گیہال عباسیوں جو کہ ضلع راولپنڈی کی تحصیل کہوٹہ کے ساتھ آزاد کشمیر کے پونچھ اور باغ اضلاع میں رہتے ہیں انکے جدامجد ہیں۔ انکی اولاد غیاث الدین ضراب شاہ کے فرزند اکبر غئی خان کی نسبت خود کو گیہال کہتی ہے جبکہ باغ ولی خان کے بیٹے کا نام جسکم خان ملتا ہے جسکی نسبت اسکی چند زریات اس نام سے مشہور ہوئی جو کہ کہوٹہ کے گردونواح میں آباد ہیں۔

ڈھونڈ عباسی قبیلے کی مشہور شخصیات میں سے ایک حضرت پیر نعمت شاہ عباسی المقلب دائمت بابا ہیں، جنہیں مقامی پہاڑی زبان میں دادا ڈھمٹ خان عباسی (دور حیات 1295ء - 1370ء) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ حضرت پیر نعمت شاہ عباسی ایک ولی کامل گزرے ہیں۔ آپ نے خطہ کوہسار میں دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت کی اور خطہ

